# سکوکی ویلیج کے پروگرامز اور خدمات

Skokie Village Hall, 5127 Oakton Street, 847/673-0500، پیر سے جمعہ صبح 8:30 تا شام 5 بجے تک کاروبار کے لیے کھلا رہتا ہے۔ www.skokie.org پر بہت سی دیہات کی خدمات تک، ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے، آن لائن رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ **ہنگامی صورتِ حال میں 1-1-9 پر کال کریں۔** فائر ڈپارٹمنٹ کا غیر ہنگامی صورتِ حال کا نمبر 847/982-5300 ہے اور پولیس ڈپارٹمنٹ کا غیر ہنگامی صورتِ حال کا نمبر 847/982-5900 ہے۔ عمومی ای میلز info@skokie.org پر بھیجی جا سکتی ہیں۔ دیہات کے تمام پروگراموں اور خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.skokie.org ملاحظہ کریں۔

**کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ** - نئی تعمیر؛ تبدیلیوں یا تعمیراتی اضافے کے منصوبوں؛ پلمبنگ، برقیاتی، یا سیلاب پر قابو پانے والے نئے سسٹم کی تنصیب یا تبدیلی؛ بھٹیوں، گرم پانی کے ہیٹر، ایئر کنڈیشننگ، گرداب، گیراج، باڑ، عرشوں، صحن، یا اسٹوریج شیڈز اور سائن بورڈز، پختہ سڑک، فٹ پاتھ اور ڈرائیو ویز کی تنصیب کے لیے تعمیراتی اجازت نامے درکار ہوتے ہیں۔ اجازت ناموں کے لیے بلڈنگ اینڈ زوننگ سروسز ڈویژن کو 847/933-8223 پر کال کریں۔ جائیداد کے مالکان کو اپنی عمارت کی دیکھ بھال کرنی چاہیے۔ اگر کسی عمارت یا اپارٹمنٹ میں ضابطے کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو رہائشیوں کو پہلے مالک کو مطلع کرنا چاہیے اور اُنہیں اس مسئلے کے حوالے سے آگاہ کرنا چاہیے۔ اگر مالک مناسب وقت میں جواب دینے میں ناکام رہتا ہے تو رہائشیوں کو نیبر ہُڈ سروسز ڈویژن کو 847/933-8224 پر کال کرنی چاہیے۔ کاروبار کے وہ مالکان یا فروغ کنندگان جو جائیداد کو بنانے یا کاروبار کو پھیلانے یا دوسری جگہ منتقل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، دستیاب امدادی پروگراموں کے لیے اکنامک ڈیولپمنٹ ڈویژن یا پلاننگ سروسز ڈویژن کو ابتدائی منصوبے کے جائزے اور زمین کے استعمال سے متعلق عمومی تحقیقات کے لیے 847/933-8447 پر کال کریں۔

**فنانس ڈپارٹمنٹ** - سکوکی میں اندراج شدہ تمام گاڑیوں کے لیے گاڑیوں کے اسٹیکرز لازماً خریدنے اور آویزاں کرنے چاہیئیں۔ نئے رہائشیوں یا کاروباری اداروں کو دیہات میں منتقل ہونے کے 60 دنوں کے اندر گاڑیوں کے اسٹیکرز لازماً خریدنے اور آویزاں کرنے چاہیئیں۔ نئی گاڑیوں کے خریداروں کو خریداری کے 30 دنوں کے اندر ایک باضابطہ اسٹیکر خریدنا اور ڈسپلے کرنا ہو گا۔ سکوکی میں تمام بلیوں اور کتوں کے لیے پالتو جانوروں کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔ انفرادی کنبے کے زیرِ تصرف جائیدادوں میں زیادہ سے زیادہ دو کتوں اور چار بلیوں کی اجازت ہے۔ اپارٹمنٹ یا کنڈومینیم یونٹس میں زیادہ سے زیادہ ایک کتے اور دو بلیوں کی اجازت ہے۔ زیادہ تر فیس بشمول گاڑیوں کے اسٹیکرز، پالتو جانوروں کے لائسنسز، پانی کے بِلز، پارکنگ ٹکٹس، دیگر غیر منقولہ خلاف ورزیوں اور متفرق رسیدوں کی ادائیگیاں www.skokie.org پر آن لائن، سکوکی ولیج ہال کی پہلی منزل پر واقع فنانس ڈپارٹمنٹ کی کھڑکی پر، بذریعہ ڈاک (نقد رقم نہیں) یا ولیج ہال کے مغربی دروازے کے قریب فٹ پاتھ پر "ڈراپ باکس" کے ذریعے کی جا سکتی ہیں۔

**فائر ڈپارٹمنٹ** - سکوکی فائر ڈپارٹمنٹ کثیر خطروں پر ردِ عمل کے لیے عوامی تحفظ کا ادارہ ہے جو کمیونٹی کی خدمت پر مرکوز ہے۔ **کسی بھی آگ، بچاؤ یا ہنگامی طبی خدمت کے لیے، 1-1-9 پر کال کریں۔** سمارٹ911 ہنگامی پیغامات وصول کرنے کے لیے www.skokie.org پر سائن اپ کریں۔ تازہ ترین ہنگامی رپورٹس اور ہدایات کے لیے 1660AM پر سکوکی ریڈیو سنیں۔ غیر ہنگامی امداد کی درخواستیں فائر ڈپارٹمنٹ انتظامیہ کو 847/982-5320 پر بھیجی جا سکتی ہیں۔ سکوکی فائر پریوینشن بیورو 847/982-5340 پر زندگی کے تحفظ کے ضوابط، فائر الارم، سپرنکلر سسٹم اور آگ کے معائنے کے تمام معاملات کے حوالے سے معاونت فراہم کرتی ہے۔ فائر ڈپارٹمنٹ CPR کلاسز، ہوم اسموک الارم کی تنصیب اور حفاظتی معائنہ اور شہریوں کے فائر اکیڈمی پروگرام بھی پیش کرتا ہے۔

**ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز ڈپارٹمنٹ** - سکوکی ویلیج ہال کی نچلی منزل پر واقع، ہیلتھ ڈویژن کی خدمات میں بالغوں اور بچوں کی ویکسینیشن، بچوں کی صحت کے کلینک، پیدائش اور اموات کے ریکارڈ، کار سیٹ قرضہ جات، زائد المیعاد دواؤں اور تیز دھار آلات کی تلفی، بیٹری/لائٹ بلب کی ری سائیکلنگ اور فشارِ خون، ذیابیطس، لپڈ/کولیسٹرول اور تپ دق کی اسکریننگز شامل ہیں۔ خدمات اپائنٹمنٹ کے ذریعے دستیاب ہوتی ہیں، معلومات کے لیے 847/933-8252 پر کال کریں۔

ہیومن سروسز سکوکی کے رہائشیوں کے لیے مختصر مدت کی سماجی خدمات، مشاورت، معلومات اور حوالہ جات فراہم کرتی ہے۔ پیش کردہ خدمات میں شامل ہیں: کرائے، یوٹیلیٹی یا رہن کے لیے محدود ہنگامی مالی امداد؛ پڑوسیوں کی ثالثی کا پروگرام؛ Medicare جُز D مشاورت؛ سینئر ہیلتھ انشورنس پروگرام کی معاونت؛ فوائد تک رسائی کی درخواست میں مدد؛ بزرگوں اور معذور افراد کے لیے وفاقی انکم ٹیکس امداد؛ نقل و حرکت کے سازوسامان کے لیے لینڈنگ کلوزٹ اور سکوکی کے نوجوانوں کو ان افراد سے جوڑنے والا ایک ٹین لِنک پروگرام جنہیں صحن کے کام اور برف کو ہٹانے میں مدد کی ضرورت ہے۔ سماجی کارکنان بزرگوں اور کم /غیر بیمہ شدہ افراد پر توجہ کے ساتھ تمام افراد کے لیے معلومات فراہم کر سکتے ہیں اور حوالہ جات کو مربوط کر سکتے ہیں جن میں شامل ہیں: مقامی فوڈ پینٹریز، بزرگوں یا معذور افراد کے لیے نقل و حمل کے اختیارات، اور ملازمت، رہائش (پناہ، عبوری، نوجوان)، قانونی ، نشہ آور مادے کا غلط استعمال، گھریلو نگہداشت کے وسائل اور فراہم کنندگان۔ مزید معلومات کے لیے 847/933-8208 پر کال کریں۔

دی نائلز ٹاؤن شپ اسکول انگلش لینگوئج لرنر پیرنٹ سینٹر تارکینِ وطن افراد کو امریکی تعلیمی نظام کو سمجھنے اور اس کا جائزہ لینے

میں مدد دینے کے لیے انگریزی کی کلاسز، کمیونٹی سروسز تک رسائی اور ورکشاپس پیش کرتا ہے۔ دی ELL پیرنٹ سینٹر سے 847/982-5900 پر یا www.ellparentcenter.org پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**<u>پولیس ڈیپارٹمنٹ</u>** - سکوکی پولیس ڈپارٹمنٹ تمام ضروری امداد اور معاونت فراہم کرتے ہوئے خدمت کے لیے تمام کالوں کا جواب دیتا ہے۔ **اگر آپ کو کوئی ہنگامی صورتِ حال درپیش ہے، آپ کسی جرم کا شکار ہوئے ہیں، یا آپ کو فوری مدد کی ضرورت ہے تو براہِ مہربانی 1-1-9 پر کال کریں۔** غیر ہنگامی معاملات کے لیے یا فون پر اطلاع دینے کے لیے 847/982-5900 پر کال کریں۔ بہت سی اطلاعات www.skokie.org پر آن لائن کی جا سکتی ہیں۔

پولیس ڈپارٹمنٹ 847/933-8477 پر جرم کی گمنام اطلاع دینے کے لیے ہاٹ لائن بھی پیش کرتا ہے، جو رہائشیوں کو کال کرنے اور کسی جرم، مشکوک افراد/سرگرمیوں یا کسی دوسری تشویش کے حوالے سے معلومات کے ساتھ پیغام بھیجنے کی ترغیب دیتی ہے۔ رہائشی 226787 پر "Skokie" اور متعلقہ معلومات کے ساتھ اطلاعی پیغام بھی بھیج سکتے ہیں۔ پولیس ڈپارٹمنٹ رہائشیوں کو وہ مفید خدمات فراہم کرنے میں بہت فخر محسوس کرتا ہے جو انہیں آگاہ اور محفوظ رکھنے کے لیے مرتب کی گئی ہیں اور اس طرح بیداری پیدا کر کے اور منفرد ضروریات کی نشاندہی کرنے کے لیے ہر ایک کے ساتھ تعاون کر کے فرق پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ آنے والے واقعات، پریس ریلیز اور جرائم کی روک تھام کی حکمت عملیوں کے بارے میں معلومات کے لیے Facebook اور Twitter@skokiepolice کے ذریعے سوشل میڈیا پر پولیس ڈپارٹمنٹ کو فالو کریں۔

**<u>پبلک ورکس پروگرام</u>** - متبادل سائیڈ پارکنگ پروگرام برف کے عملے کو دو انچ یا اس سے زیادہ برف باری کے دوران حاشیے سے حاشیے تک سڑکوں سے مؤثر طریقے سے برف ہٹانے کی سہولت دیتا ہے۔ دو روزہ پروگرام کے دوران گاڑیوں کو طاق نمبر والی تاریخوں پر طاق نمبر والے پتوں کے ساتھ سڑک کے کنارے کھڑا کرنا ضروری ہے۔ جفت نمبر والی تاریخوں پر رہائشی جفت نمبر والے پتوں کے ساتھ سڑک کے کنارے گاڑیاں کھڑی کرتے ہیں۔ پروگرام کے نافذ العمل ہونے پر سڑک کے غلط کناروں پر کھڑی گاڑیوں پر جرمانے کیے جاتے ہیں۔ اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے کہ متبادل کنارے کی پارکنگ نافذالعمل ہے، 847/675-7669 پر آٹومیٹڈ سنو ہاٹ لائن پر کال کریں، www.skokie.org ملاحظہ کریں یا 1660 AM Skokie سنیں. جب برف باری چار انچ سے زیادہ ہو جاتی ہے تو دیہات فٹ پاتھوں پر سے برف ہٹائی جاتی ہے اور جب برف باری چھ انچ سے زیادہ ہو جاتی ہے تو گلیوں میں سے برف ہٹائی جاتی ہے۔ کچھ گلیاں ہفتہ کے اختتام اور تعطیلات پر متبادل کناروں والی پارکنگ سے مستثنیٰ ہیں؛ www.skokie.org ملاحظہ کریں۔

صحن کا کُوڑا اپریل سے نومبر کے وسط تک ہر بدھ کو جمع کیا جاتا ہے۔ صحن کے کُوڑے کو 30 گیلن کے بھورے کاغذ کے تھیلے میں حاشیے یا گلی (جہاں کچرا جمع کیا جاتا ہے) میں رکھا جانا چاہیے۔ کٹی ہوئی گھاس جمع نہیں کی جاتی۔ اکتوبر کے وسط سے دسمبر کے شروع تک پتوں کو جمع کرنے کے لیے حاشیے میں رکھا جا سکتا ہے۔

انفرادی کنبے کے گھروں سے ہفتے میں دو بار ردی جمع کی جاتی ہے اور ہفتے میں ایک بار ری سائیکلنگ کے قابل سامان جمع کیا جاتا ہے۔ جمع کرنے کے دنوں کی تصدیق کے لیے براہِ مہربانی 847/933-8247 پر کال کریں یا www.skokie.org ملاحظہ کریں. اپارٹمنٹس اور کنڈومینیم سے جمع کرنے کا طریقہ مختلف ہوتا ہے؛ معلومات کے لیے عمارت کی انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

**<u>دیگر حکومتیں</u>** - دی سکوکی پبلک لائبریری، دی سکوکی پارک ڈسٹرکٹ اور تمام سکوکی اسکول ڈسٹرکٹس الگ الگ انتظامی ادارے ہیں۔ اسکول ڈسٹرکٹ کی فہرست اور حدود کا نقشہ www.skokie.org پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ 847/673-7774 پر لائبریری تک اور 847/674-1500 پر پارک ڈسٹرکٹ تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

نائلز ٹاؤن شپ حکومت کمیونٹی کے بہت سے وسائل پیش کرتی ہے جس میں فوڈ پینٹری، قانونی معاونت، رہنے کے اخراجات کے لیے عطیات، صحت کی دیکھ بھال تک رسائی اور بہت کچھ شامل ہے۔ براہِ مہربانی 847/673-9300 پر رابطہ کریں یا معلومات کے لیے www.nilestownshipgov.com ملاحظہ کریں۔

**<u>روزگار کے ذرائع</u>** - دیہی نوکریاں www.skokie.org پر، اور کمیونٹی کے دیگر روزگار کے معلوماتی ذرائع پر بھی شائع کی جاتی ہیں۔

**<u>سوشل میڈیا</u>** - ولیج آف سکوکی، شاپ لوکل سکوکی، ڈاون ٹاؤن سکوکی، سکوکی پولیس ڈپارٹمنٹ اور سکوکی فارمرز مارکیٹ کے Facebook پیجز پر دیہات کو فالو کریں۔